1

نظمیں



بُلبُل کا بچّہ



بُلبُل کا بچّہ

کھاتا تھا کھچڑی پیتا تھا پانی

بُلبُل کا بچّہ

گاتا تھا گانے میرے سرہانے


بُلبُل کا بچّہ

ایک دن اکیلا بیٹھا ہوا تھا

بُلبُل کا بچّہ

میں نے اُڑایا واپس نہ آیا

بُلبُل کا بچّہ



بندر اور بندریا

بندریا نے گھگھرا پہنا
بندر نے شلوار
بَن ٹھن کر جب گھر سے نکلے
ہو گئی تکرار

بندریا نے چُھری اُٹھائی
بندر نے تلوار
لڑتے لڑتے ہو گئے گھائل
کوئی نہ مانا ہار

بلّی اور چوہا

بلّی بیٹھی اُونگھ رہی تھی
چوہے کی بُو سونگھ رہی تھی

چوہا بھی چالاک ہے بچّو
کچھ کچھ وہ بے باک ہے بچّو

بلّی دوڑی دانت دکھا کر
چوہا بھاگا جان بچا کر



انڈا

مُرغے میں نے انڈا دیا
مُرغی تو نے خوب کیا

انڈے اتنے چنگے ہیں
پاؤں میرے ننگے ہیں

کیسی باتیں کرتی ہو؟
انڈے بیچو جُوتا لو



میری بلّی

میری بلّی کالی پیلی
پانی میں ہوگئی گیلی

گیلی ہو کر لگی کانپنے
چھُو ، آچھُو لگی چھینکنے

میں نے بولا کچھ تو سیکھ
بِنا رومال کے کبھی نہ چھینک



موٹر کار

ابو لائے موٹر کار
اس کے نیچے پہیے چار
چابی سے یہ چلتی ہے
پوں پوں پوں پوں کرتی ہے
آگے جائے پیچھے جائے
دائیں بائیں یہ مڑ جائے



اس سلسلے کی دیگر کتب





CHILDREN PUBLICATIONS®
14, Tariq Plaza, Nazimabad #4, Karachi, Pakistan.
Ph: 36623489, Fax: 36608879. Cell: 03009292426
E-mail: childrenpublications786@gmail.com
CHILDREN'S BOOK FAIR.

REF: NAZMAIN 1 - 789 - 90
Rs. 40/=